SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

# PRESS RELEASE

For immediate release
February 20, 2019

## چیئرمین ایس ای سی پی کا ریگولیٹری پیچیدگیاں دور کرنے کا عزم

کراچی(20فروری )سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن کے چیئرمین فرخ سبزواری نے ریگولیٹری فریم ورک کی پیچیدگیوں اور کمپنیز ایکٹ 2017 پر عمل درآمد میں پیش آنے والی مشکلات کے حوالے سے کاروباری شعبہ کا نقطہ نظر جاننے کے لئے اور ریگولیٹری رکاوٹوں کی نشان دہی کے لئے کاروباری تنظیموں کے نمائندوں کے ساتھ ڈائیلاگ کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے ایس ای سی پی کے سینئر افسروں کے ہمراہ کراچی میں پاکستان بزنس کونسل، امریکن بزنسل کونسل آف پاکستان اور اوور سیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا الگ الگ دورہ کیا اور ان کے عہدے داروں سے ملاقاتیں کیں۔

سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کے پالیسی بورڈ ے حالیہ اجلاس میں پالیسیس بورڈ اور کمیشن نے کارپوریٹ سیکٹر کے لئے ریگولیٹری فریم ورک کو سہل بنانے کی ضرورت پر مکمل اتفاق کیا تھا۔ بزنس کمیونٹی کے رہنماؤں کے ساتھ ڈائیلاگ کا مقصد مختلف ریگولیٹری رکاوٹوں اور ایسی قانونی پیچیدگیوں کی نشان دہی کرنا ہے جو کاروباری آسانیاں فراہم کرنے کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ کاروباری نمائندوں کے ساتھ ملاقاتوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے چیئرمین ایس ای سی پی نے انہیں کیپیٹل مارکیٹ، اسلامک فنانس، ایس ایم ای اور انشورنس سیکٹر کی ترقی و فروغ کے حوالے سے اپنے خیالات سے آگاہ کیا۔ فرخ سبزواری نے کہا کہ ایس ای سی پی کو سٹاک مارکیٹ میں نئی لسٹنگ کی حوصلہ افزائی، نئی مالیاتی مصنوعات کو متعارف کروانے، سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافے اور خاص طور پر نئے کاروباری آئیڈیاز کے پھلنے پھولنے کے لئے بہترین ماحول کی فراہمی کے لئے اقدامات کمیشن کی ترجیح ہیں۔ کاروباری تنظیموں کے ساتھ ڈائیلاگ ایس ای سی پی کی جانب سے کارپوریٹ سیکٹر کے مسائل حل کرنے کے لئے شروع کی گئی مشاورت کا حصہ ہیں جن کا مقصد بزنس کمیونٹی کی مشکلات کو حل کرنا اور آسانیاں فراہم کرنا ہیں۔

غیر ملکی اور مقامی کاروباری کمیونٹی کی نمائندہ تنظیمیں ہونے کے ناطے پاکستان بزنس کونسل، امریکن بزنس کونسل آف پاکستان اور اوور سیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ملک میں نئی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور انوسٹرز کے مفادات کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ چیئرمین ایس ای سی پی نے کہا کہ ملک میں کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے لئے باہمی تعاون اور سٹیک ہولڈروں کے ساتھ مشاورت جاری رکھیں گے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005